سوال نمبر 246

منجانب:۔ **محترمہ شگفتہ ملک صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی، صوبہ خیبر پختونخواہ۔**

نمبر شمار	سوال	جواب
(الف)	کیاوزیرصحت ارشاد فرمائیں گے کہ :۔ آیا یہ درست ہے کہ گذشتہ دور حکومت میں صحت کارڈ کا اجراء کیا گیا ہے؟	جی ہاں یہ درست ہے کہ صحت سہولت پروگرام کے تحت صوبہ بھر میں غریب گھرانوں کو صحت انصاف کارڈ فراہم کیے گیے ہیں۔اس کے تحت مختلف بیماریوں کا علاج ہسپتال میں داخلے کی صورت میں مفت فراہم کیا جاتا ہے۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہوتو مختص شدہ بیماریوں کے علاوہ دیگر بیماریوں کا علاج اس کارڈ کے تحت ممکن ہے اگرنہیں تو وجوہات بتائی جائیں۔	مختص شدہ بیماریوں کے علاوہ دیگر بیماریوں کا علاج فی الوقت صحت انصاف کارڈ کے تحت ممکن نہیں کیونکہ حکومت سے منظور شدہ پیکج کی فراہمی کے لیے بیمہ کمپنی کو فی گھرانہ پریمیم دیا جاتا ہے۔ بیمہ کمپنی کو یہ پریمیم معاہدے کے تحت دیا جاتا ہے اور اسکے لیے بیمہ کمپنی ہسپتالوں کے ساتھ بھی صرف ان بیماریوں کے علاج کا معاہدہ کرتی ہے جو پیکج میں شامل ہیں۔لہٰذا معاہدے کی مدت کے دوران پیکج میں تبدیلی ممکن نہیں۔ مزید یہ کہ اگر صوبائی حکومت مستقبل میں مختص شدہ بیماریوں کے علاوہ دیگر بیماریوں کے علاج کو بھی صحت انصاف کارڈ میں شامل کرنے کا فیصلہ کرتی ہے تو اسکے لئے فی گھرانہ پریمیم کے رقم بہت زیادہ بڑھنے کی وجہ سے حکومت پر مالیاتی بوجھ بھی بڑھ جائیگا۔